Government of Karnataka

انوارِ اُردو

Anwaar-E-Urdu

Urdu 3rd Language

Tenth 10 Standard

Part-1

اُردو زبان سوم نصابی کتاب
برائے دسویں جماعت

حصّۂ اوّل

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXT BOOK SOCIETY (R)
6th Cross, Malleshwaram
Bengaluru - 560 003

نصابی کمیٹی برائے دسویں جماعت۔زبانِ اُردو سوّم

1۔ ڈاکٹر محمد عبدالحمید، ایم اے، (اُردو، فارسی وعربی) پی ایچ ڈی — صدر
پروفیسر صدر شعبہء اردو، کلبرگی یونی ورسٹی، کلبرگی۔

2۔ جناب اختر سہیل، ایم اے، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ ماسٹر، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، میسورو۔

3۔ جناب نظیر احمد لکُنڈی، ایم اے، (اردو وسوشیالوجی)، ایم ایڈ — رکن
اسسٹنٹ ماسٹر، اینگلو اردو ہائیر سکنڈری اسکول، گھنٹی کیری، ہبّلی، ضلع دھاڑواڑ۔

4۔ جناب انوار الحسن انوار، ایم اے (اردو وانگریزی)، ایم ایڈ، ایم فل — رکن
اسسٹنٹ ماسٹر، گورنمنٹ گرلس پی یو کالج، ملباگل، ضلع کولار۔

5۔ محترمہ عابدہ بانو، ایم اے، بی ایڈ — رکن
اسسٹنٹ مسٹرس، مہاراجہ پی یو کالج، میسورو۔

6۔ شری مٹاپتی، مصوّر ڈرائنگ ٹیچر — رکن
گورنمنٹ ہائی اسکول، بیٹارائن پورہ، میسورو روڈ، بنگلورو

7۔ ڈاکٹر یاسمین محمدی بیگم، ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی۔ — تنقیح کار
اسوسیٹ پروفیسر، صدر شعبۂ اردو، بنگلورو یونی ورسٹی، بنگلورو

ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم، سابق صدر شعبہ اُردو بنگلورو یونیورسٹی بنگلورو۔

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم، سابق صدر شعبہ اُردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی میسورو۔

صلاح کار

☆ ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شریمتی ناگامنی۔سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری موڈمبٹری تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed based on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- Connecting knowledge to life activities
- Learning to shift from rote methods
- Enriching the curriculum beyond textbooks
- Learning experiences for the construction of knowledge
- Making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- Caring concerns within the democratic policy of the country
- Making education relevant to the present and future needs.
- Softening the subject boundaries- integrated knowledge and the joy of learning.
- The child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, **Spiral** Approach and **Integrated** approach

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life. Textbooks for students X have a special significance. As any other new textbook they help learners' master skills and competencies and at the same time there is going to be a public examination based on them.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

پیش لفظ

دسویں جماعت کے لیے اُردو زبانِ سوّم کے طور پر ترتیب شدہ یہ کتاب ''انوارِ اُردو'' اپنی بیش بہا خوبیوں کے ساتھ پیشِ نظر ہے۔ یہ کتاب نئی سہ لسانی پالیسی کے مطابق اور کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی، بنگلورو سے سفارش کردہ 2005ء کی تعلیمی پالیسی کی روشنی میں ترتیب دی گئی ہے۔قومی پالیسی کے تحت، ہائی اسکول کے نصاب میں ''اردو' کو زبانِ سوم کے طور پر شامل کرنے کی غرض سے ڈی یس ای آر ٹی نے تعلیمی سال 2011-12 سے جماعت ششم تا دہم زبانِ سوم کی اردو کتابیں لکھوانے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

یہ کتاب اُن طلبہ کے لیے مرتب کی گئی ہے، جن کا ذریعہ تعلیم اردو نہیں، بلکہ جنہوں نے اردو کو بطورِ زبان سوّم اختیار کیا ہے۔ اس کتاب کا مقصد طلبہ کو بنیادی اردو زبان سے واقف کرانا ہے، تاکہ طلبہ معیاری اردو بولنا، پڑھنا، اور لکھنا سیکھ سکیں۔

''انوارِ اردو'' کے بعض اسباق مختصر ہیں اور بعض طویل۔ مگر تمام مضامین، نظمیں اور مشقیں طلبہ کے علمی اور ذہنی معیار کے مطابق منتخب کئے گئے ہیں۔ ہر سبق کی ابتداء میں صنفِ ادب سے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں، اختتام پر تخلیق کار کا تعارف دیا گیا ہے، تاکہ طلبہ مضمون کی ادبی اہمیت اور مصنف کی ادبی خدمات سے واقف ہوسکیں۔ اسباق کے آخر میں الفاظ و معانی کے ساتھ ساتھ حسبِ ضرورت انگریزی اور ہندی الفاظ کے اردو اصطلاحات بھی دیئے گئے ہیں۔ اس سے طلبہ کو اسباق کے سمجھنے میں آسانی ہوسکتی ہے۔ ''انوارِ اردو'' کو دلچسپ اور بے عیب بنانے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے۔ ہم کرناٹکا ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو کے ممنون و شکر گزار ہیں جنہوں نے اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں وقتاً فوقتاً ہماری رہنمائی کی۔

صدر و اراکین

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراما چندر پّا ، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو۔

مجالسِ نظرثانی

صدر:

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم،

وظیفہ یاب اُردو پروفیسر، 89# کے۔یس۔آر۔ٹی۔سی لے آوٹ، بنّی منٹپ، میسورو۔

اراکین

ڈاکٹر انیس صدیقی، لکچرر، نیشنل پی یو کالج، ہفت گنبد، کلبرگی 585104-

محترمہ نورنسیمہ بانو، اُردو معلمہ، بائی فرکیٹڈ مہاراجا گورنمنٹ جونیر کالج نظرآباد، میسورو 570010۔

محترمہ نوراسماء، اُردو معلمہ، (ہائی اسکول سکشن) گورنمنٹ جونیر کالج، ملولی، ضلع منڈیا۔

محترمہ یس۔اے سوداگر، معاون معلمہ، گورنمنٹ گرلس اردو ہائر پرائمری اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

محترم اعجاز احمد۔ایم مورب، معاون معلّم، گورنمنٹ اُردو ہائی اسکول، شگّاوی، ضلع ہاویری۔

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو 560007۔

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو 560094۔

میر صلاح کار

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا ، مینیجنگ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو 85۔

شریمتی اُشا یم۔ڈی ، اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو 85۔

پروگرام کوآرڈینیٹر

شری موہن کمارا۔بی ، سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو 85۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪–೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬–೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭–೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ನೀಡಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇವೆ, ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

(ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ)
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

©KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)



فہرست مضامین

نمبر شمار	تخلیق	صنف ادب	تخلیق کار	صفحہ نمبر
1	ساری دنیا کے مالک	حمد	مولانا الطاف حسین حالیؔ	1
2	وہ آئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	نعت	مولانا ابوالبیان حمادؔ	4
3	ام المومنین حضرت عائشہؓ	سوانحی خاکہ	ماخوذ	7
4	تاریخی شہر کلبرگی	مضمون	ماخوذ	11
5	کوئی امید بر نہیں آتی	غزل	مرزا غالبؔ	18
6	دھوبی نے مگرمچھ کو کھالیا	مزاح	کرشن چندر	21
7	مسلم سائنس دان	مضمون	ابراہیم عمادی ندوی	27
8	نانوٹکنالوجی	سائنسی مضمون	ادارہ	32
9	بھارت رتن سر ایم وشویشوریا	سوانح	ایم قادر علی خاں	40
10	جنوں نے تماشا بنایا ہمیں	غزل	میر تقی میرؔ	44

...

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سبق:1

حمد

ساری دنیا کے مالک

(''حمد'' اس صنفِ نظم کو کہتے ہیں جس میں خالق کائنات کی ثنا پیش کی جاتی ہے۔ کسی میں اتنی طاقت نہیں کہ رنگ ذوالجلال کی تعریف وتوصیف کر سکے۔ تاہم انسان کی عبدیت اسے مجبور کرتی ہے کہ اپنے معبود حقیقی کے بے انتہا فضل وکرم کا شکریہ ادا کرے، اس کے حضور میں حمد کا حقیر نذرانہ پیش کرے۔ عموماً شعرا اپنے کلام کی ابتدا ''حمد'' سے کرتے ہیں۔)

اے ساری دنیا کے مالک راجا اور پرجا کے مالک
سب سے انوکھے ، سب سے نرالے آنکھ سے اوجھل دل کے اُجالے
ناؤ جگت کی کھینے والے دکھ میں سہارا دینے والے
جُوت ہے تیری جل اور تھل میں باس ہے تیری پھول اور پھل میں
ہر دل میں ہے تیرا بسیرا تو پاس اور گھر دُور ہے تیرا
تو ہے اکیلوں کا رکھوالا تو ہے اندھیرے گھر کا اُجالا
بے آسوں کی آس تو ہی ہے جاگتے سوتے پاس تو ہی ہے
سوچ میں دل بہلانے والا بپتا میں یاد آنے والا
ہلتے ہیں پتّے تیرے ہلائے کھلتی ہیں کلیاں تیرے کِھلائے
تُو ہی ڈبوئے تُو ہی تِرائے
تُو ہی بیڑا پار لگائے

الطاف حسین حالیؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تخلیق کار:



محمد الطاف حسین نام، حالؔی تخلص، 1837ء بمقام پانی پت میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم وہیں حاصل کی۔ تکمیلِ تعلیم کے لئے دہلی چلے گئے۔ وہاں مرزا غالبؔ کے شاگرد بنے۔ ملازمت کے سلسلے میں لاہور میں بھی قیام کیا۔ سرسید احمد خان کی تحریک کو کامیاب بنانے میں حالؔی نے اہم رول ادا کیا۔ 1904ء میں حکومت کی جانب سے شمس العلماء کا خطاب پایا۔ 1914ء میں انتقال کیا۔

مولانا حالؔی ایک اچھے شاعر، سوانح نگار اور نقاد تھے۔ ''یادگار غالب'' ''حیاتِ جاوید'' ''حیاتِ سعدی'' ''مقدمہ شعر و شاعری'' ان کی اہم تصانیف ہیں۔

الفاظ و معانی:

پرجا	= رعایا	نرالے	= انوکھے	اوجھل	= پوشیدہ
جگت	= دنیا	کھینا	= ناؤ چلانا	جوت	= روشنی
جل	= پانی	تھل	= زمین	بسیرا	= ٹھکانا
رکھوالا	= دیکھ ریکھ کرنے والا	آس	= اُمید	بپتا	= مصیبت
بیڑا	= ناؤ				

مشقیں

I : ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

راجا، دکھ، پاس، اندھیرا، جاگنا، ڈبونا

II : ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1. راجا اور پرجا کا مالک کون ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. اللہ کی ذات انوکھی کیوں ہے؟
3. اللہ کا بسیرا کہاں ہے؟
4. اکیلوں اور بے آسوں کے لئے اللہ کی ذات کیا اہمیت رکھتی ہے؟
5. کیا اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی کام ممکن ہوسکتا ہے؟

III : ان سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں دیجئے

1. شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو کہاں کہاں محسوس کرتا ہے؟
2. شاعر نے اللہ تعالیٰ کی تعریف کن الفاظ میں کی ہے؟

IV : ان اشعار کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھئے۔

1. سوچ میں دل بہلانے والا پیتا میں یاد آنے والا
2. تو ہی ڈبوئے تو ہی ترائے تو ہی بیڑا پار لگائے

V: درجِ ذیل اشعار میں استعمال ہوئے متضاد الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔

1. اے ساری دنیا کے مالک راجا اور پرجا کے مالک
2. ہر دل میں ہے تیرا بسیرا تو پاس اور گھر دُور ہے تیرا
3. بے آسوں کی آس تو ہی ہے جاگتے سوتے پاس تو ہی ہے
4. تو ہی ڈبوئے تو ہی ترائے تو ہی بیڑا پار لگائے

کسی شعر میں اگر ایسے الفاظ لائے جائیں جو ایک دوسرے کے متضاد ہوں تو اس صنعت کو صنعتِ تضاد یا طباق کہتے ہیں۔

مثلاً : راجا، پرجا۔ پاس، دور۔ جاگتے، سوتے۔ ڈبوئے۔ ترائے

VI: اس نظم کو زبانی یاد کیجئے۔

عملی کام:

مختلف شعراء کی لکھی ہوئی حمد کے پسندیدہ اشعار کا انتخاب کیجئے۔

© TBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:2

نعت



وہ آئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ آئے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبوب رب العالمین ہیں۔ اس لئے اس مقدس ہستی سے محبت رکھنا عین ایمان ہے۔ ایسی نظم جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف وتوصیف بیان کی گئی ہو اسے نعت کہتے ہیں۔ درج ذیل نعت میں مولانا ابوالبیان حمادؔ نے اُس ذاتِ والا صفات سے نہ صرف اپنی گہری محبت وعقیدت کا اظہار فرمایا ہے بلکہ ان کی عظمت وبلندی کے چند نمونے بھی پیش کئے ہیں۔ مختصر یہ کہ اللہ کے بعد اگر کوئی بلند و بالا ہستی ہے تو وہ ہمارے رسول برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی ہیں۔

ثنائے خدا ہے ، ثنائے محمدؐ رضائے الٰہی ، رضائے محمدؐ
حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدا یوں وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ
شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ
نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ
کبھی کوئی سائل نہ محروم لوٹا تھی اتنی زیادہ عطائے محمدؐ
وہ معراج میں پہنچے عرشِ بریں تک تھی ایسی عجب ارتقائے محمدؐ
جو داخل ہوئے سدرۃ المنتہیٰ تک کُھلے خُلد کے در برائے محمدؐ
زمانے میں چاروں طرف گونجتی ہے نِدائے محمدؐ صدائے محمدؐ

یہ حمادؔ کا مختصر ہے تعارف
محمدؐ کا شیدا فدائے محمدؐ

مولانا ابولبیان حمادؔ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

تخلیق کار:



آپ کا پورا نام عبدالرحمٰن خان ہے۔ علمی اور ادبی دنیا میں ابوالبیان حمادؔ کے نام سے پہچانے جاتے ہیں۔ آپ 25 جولائی 1923ء کو صوبۂ کرناٹک کے ایک مقام مالور کے قریب ایک قریہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام عبداللطیف خان اور والدہ کا نام آسیہ بیگم تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں میں حاصل کرنے کے بعد 1936ء میں جامعہ دارالسلام عمرآباد میں تعلیم کی غرض سے داخلہ لیا۔ ابتداء ہی سے آپ کا شمار جامعہ کے ذہین ترین طالب علموں میں ہوتا تھا۔ اسی دوران آپ نے ''الاخلاق'' کے نام سے ایک قلمی رسالہ نکالا۔ 1950ء میں آپ نے اپنے بھائی مولوی ثناءاللہ صاحب عمری اور مولانا جلال الدین عمری کے ساتھ بنگلور سے ہفتہ وار ''پیغام'' جاری کیا، کچھ عرصہ بعد اسے بند کرنا پڑا۔ حصول علم کے سلسلے میں آپ دارالعلوم ندوۃ العلمائ لکھنو گئے، پھر کلکتہ ہوتے ہوئے وطن تشریف لائے۔

اس طرح تعلیم کی تکمیل اور سیروسیاحت کے تجربات سے فارغ ہونے کے بعد آپ 1946ء سے جامعہ دارالسلام عمرآباد میں درس وتدریس کے مقدس عمل میں مصروف ہوگئے۔ آج کل آپ کی ادارت میں ماہنامہ ''راہِ اعتدال'' نکل رہا ہے۔

الفاظ ومعانی:

ثناء = تعریف　　حرم = خانۂ کعبہ　　سائل = سوال کرنے والا

محروم = ناامید، خالی ہاتھ　　صدا = آواز　　در = دروازہ

خُلد = جنت　　فِدا = قُربان　　نِدا = آواز

شیدا = عاشق　　سدرۃ المنتہیٰ = حضرت جبرئیل کا آخری مقام

معراج = حضورؐ کا آسمانوں سے اوپر جانا اور تجلیات الٰہی کا مشاہدہ کرنا۔

@KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I : درجِ ذیل سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھئے۔

1. شفیع الامم سے کون مراد ہیں؟

2. سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں؟

3. معراج کا مطلب کیا ہے؟

II : درج ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1. معراج کو مولانا ابوالبیان حمادؔ نے نعتِ شریف میں کس نام سے یاد کیا ہے؟
2. حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب حرمِ پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا؟

III : ان اشعار کو مکمل کیجئے۔

شفع الامم رحمت ....

نگاہوں میں ....

وہ معراج میں ....

IV. ان اشعار کی تشریح کیجئے۔

1. شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ
2. کبھی کوئی سائل نہ محروم لوٹا — تھی اتنی زیادہ عطائے محمدؐ
3. وہ معراج میں پہنچے عرشِ بریں تک — تھی ایسی عجب ارتقائے محمدؐ

V. (الف) پچھلی جماعتوں میں آپ نے پڑھا ہے کہ قافیے سے مراد وہ الفاظ ہیں جن کے آخری حروف یکساں ہوں اور صوتی اعتبار سے بھی ہم وزن ہوں۔

اس نعتِ شریف میں استعمال ہوئے قافیوں کی فہرست ترتیب وار لکھئے۔

(ب) ان محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

1. نگاہوں میں جچنا 2. دل میں سمانا 3. محروم لوٹنا 4. شیدا ہونا

(ج) درج ذیل الفاظ کی ضِد لکھئے۔

عرش، خارج، سائل، مفصّل

☆☆☆

© SCERT TBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:3



اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا، حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دُوسری صاحبزادی تھیں۔ ''صدیقہ'' لقب اور کُنیت ''اُم عبداللہ'' تھی۔ ''اُم زمان'' آپؓ کی والدہ تھیں۔ آپؓ نہایت سعادت مند اور بلند اخلاق و کردار کی مالک تھیں۔ گُڑیاں کھیلنا اور جُھولا جھُولنا انہیں بہت پسند تھا۔ حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد نبی کریم ﷺ بہت رنجیدہ اور ملول رہنے لگے تھے۔ ایک صحابی کی بیوی حضرت خولہؓ نے دوسری شادی کا مشورہ دیا۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے یہ رشتہ پسند فرمایا جسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی قبول کرلیا۔ نکاح کے بعد حضرت عائشہؓ تین سال تک میکے میں ہی رہیں۔

حضرت عائشہؓ آپ ﷺ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔ حضرت عائشہ سے متعلق وحی نازل ہوئی اور حضرت جبرئیل آپ کو سلام کرتے تھے۔ آپؓ نے نبی کریم ﷺ کی زندگی کا گہرا مطالعہ کیا اور مکمل پیروی کی۔ بے شمار احادیث کی تصدیق آپؓ سے ہوتی ہے۔

آپؓ کا حجرہ مسجد نبوی سے ملا ہوا تھا۔ اس کا یہ فائدہ ہوا کہ آپؓ پردے کے پیچھے سے حضور ﷺ کی تعلیمات و ہدایات سے استفادہ کرتی رہیں۔ صرف یہی نہیں، بلکہ تاریخ، ادب اور طِب میں بھی حضرت عائشہؓ کو مہارت حاصل تھی۔

حضرت عائشہؓ اس قدر غنی اور سخی تھیں کہ ایک مرتبہ ستر ہزار درہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیئے۔ حضرت امیر معاویہؓ نے جب ایک لاکھ درہم حضرت عائشہ کی خدمت میں بھجوائے تو شام تک اُنہوں نے یہ پوری رقم غریبوں اور محتاجوں میں تقسیم کردی۔ اس وقت حضرت عائشہؓ روزہ سے تھیں، باوجود اس کے حضرت عائشہ نے افطار کی کچھ فکر نہ کی۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حضرت عائشہؓ کے حجرے کی دیواریں مٹی کی تھیں۔ چھت کھجور کے پتّوں اور شاخوں سے ڈھکی ہوئی تھی جس پر ایک کمبل ڈال دیا گیا تھا تاکہ بارش کا پانی اندر نہ آسکے۔ حجرے کے اندر ایک چارپائی ایک چٹائی ،ایک بستر اور تکیہ، دو مٹکے، ایک مشکیزہ اور ایک پیالہ تھا۔ رات کو مشکل سے ہی چراغ جلتا تھا۔ چھوہارے اور پانی پر گذر بسر ہوتی تھی۔ معمولی سا گھر آپؓ کے لئے کسی عالی شان محل سے کم نہ تھا۔ کبھی حرفِ شکایت زبان پر نہیں آیا۔ آپؓ کی کوئی اولاد نہیں تھی۔ اس لئے یتیم بچوّں کی پرورش کرتی رہیں۔

17 رمضان المبارک 57 ہجری کو عشاء کے وقت حضرت عائشہؓ کا انتقال ہوا۔ اُس وقت آپ کی عمر 66 سال تھی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع آپ کی آخری آرام گاہ قرار پائی۔

حضرت عائشہؓ کے حجرے ہی میں حضور کرام ﷺ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ آرام فرما ہیں۔

ماخوذ

الفاظ و معانی:

ملول	=	رنجیدہ/غمگین	استفادہ کرنا	=	فائدہ حاصل کرنا
طِب	=	علاج کا علم	غنی	=	مالدار
مشکیزہ	=	کھال سے بنا برتن	حجرہ	=	چھوٹا کمرہ
چھوہارے	=	سوکھے کھجور	سعادت مند	=	فرماں بردار
وحی	=	اللہ کے وہ احکام جو نبیوں پر اُترتے ہیں۔			
سخی	=	اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والا	جنت البقیع	=	مدینہ منورہ کا مشہور قبرستان

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔

1. حضرت عائشہؓ کس کی صاحب زادی تھیں؟
2. حضرت عائشہ کی کُنیت اور لقب کیا ہے؟
3. نبی کریم ﷺ کیوں رنجیدہ اور ملول رہنے لگے تھے؟
4. نبی کریم ﷺ کو دوسری شادی کا مشورہ کس نے دیا؟

II. درج ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1. حضرت عائشہؓ نے کس طرح نبی کریم ﷺ کی تعلیمات سے استفادہ کیا؟
2. حضرت عائشہؓ کا حُجرہ کیسا تھا؟
3. حضرت عائشہؓ کے حُجرے میں کون کون آرام فرما ہیں؟

III. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔

1. حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔
2. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

IV. صحیح جوڑ لگائیے۔

''الف''	''ب''
1. حضرت عائشہؓ حضرت ابوبکر صدیق کی	سے ملا ہوا تھا۔
2. حضرت جبرئیل	حضرت عائشہؓ کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔
3. حضرت عائشہؓ کا حُجرہ مسجد نبوی	66 سال تھی۔
4. انتقال کے وقت حضرت عائشہ کی عمر	حضرت عائشہؓ کو سلام کرتے تھے
5. حضرت ابوہریرہؓ نے	دوسری صاحب زادی تھیں۔

V. خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1. حضرت عائشہؓ کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے بھی یہ.....پسند فرمایا۔
2. 17/ رمضان المبارک.....ہجری کو حضرت عائشہؓ کا انتقال ہوا۔
3. جنت البقیع حضرت عائشہؓ کی آخری.....ہے۔
4. ایک صحابی کی بیوی خولہؓ نے آپؐ کو دوسری شادی کا.....دیا۔
5. .....حضور اکرم ﷺ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔
6. حضرت عائشہؓ کے حجرے کی دیواریں.....کی تھیں۔
7. حضرت عائشہؓ یتیم بچوں کی.....کرتی رہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

VI. (الف) جمع الفاظ کی واحد اور واحد الفاظ کی جمع لکھئے۔

گڑیاں، صحابی، احادیث، حضرت، ہدایات، غریب، پیالہ

(ب): ان الفاظ کی تذکیر و تانیث لکھئے (مذکر و مونث)۔

رنج، مطالعہ، تصدیق، حُجرہ، بارش، چٹائی، چراغ

(ج): ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

شام، بلند، فائدہ، خرچ، اندر، مشکل

(د): ان الفاظ کے مترادفات لکھئے۔

بارش، صاحب زادی، حُجرہ، اخلاق

قواعد:

پچھلی جماعتوں میں آپ نے پڑھا تھا کہ وہ لفظ جس کے کچھ معنی ہوں ''کلمہ'' کہلاتا ہے۔کلمہ کی دو قسمیں ہیں۔

1. مستقل کلمہ 2. غیر مستقل کلمہ

مستقل کلمہ

مستقل کلمہ، وہ کلمہ ہے جو خود معنی دیتا ہو۔اس کی پانچ قسمیں ہیں۔

(i) اسم (ii) ضمیر (iii) صفت (iv) فعل (v) متعلق فعل

اس سال ہم غیر مستقل کلمہ کی تعریف اور اس کی قسموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

غیر مستقل کلمہ

غیر مستقل کلمہ، وہ کلمہ ہے جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے۔غیر مستقل کلموں کو ''حروف'' بھی کہتے ہیں۔اس کی چار قسمیں ہیں۔

(i) حروفِ ربط (ii) حروفِ عطف (iii) حروف تخصیص (iv) حروف فجائیہ

☆☆☆

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:4



تاریخی شہر کلبرگی

تاریخی اہمیت اور تہذیبی عظمت کے لحاظ سے کرناٹک کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔اس ریاست کے مختلف حصّوں پر وقتاً فوقتاً چالوکیہ، یادوا، ہوسیلہ، بہمنی ، عادل شاہی ، مغل ، وجے نگر، وڈیر، سلطنتِ خداداد، انگریز وغیرہ، کی حکومتیں رہی ہیں ۔ یہاں کے کئی شہر مثلاً وجیاپورہ، بیدر، کلبرگی ، میسورو، سری رنگاپٹن، کولار، وغیرہ مختلف سلطنتوں کے صدر مقام رہے ہیں۔

اس مضمون میں شہر کلبرگی کی تاریخی اور ثقافتی اہمیت کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔آزادی سے پہلے ریاستِ میسور ایک چھوٹی سی ریاست تھی۔ 1956ء میں لسانی تقسیم کے بعد کنڑی بولنے والے کئی علاقے اس میں شامل کر لئے گئے۔اب یہ ملک کی بڑی ریاست ہے۔اس کے کُل 29 اَضلاع ہیں۔کرناٹک کے طُول وعرض میں کئی تاریخی شہر واقع ہیں جن میں سے کلبرگی بھی ایک تاریخی شہر ہے۔


ضلع کلبرگی کرناٹک کے شمال میں واقع ہے۔لسانی تقسیم سے پہلے ضلع کلبرگی حیدرآباد کا ایک صوبہ ہوا کرتا تھا۔کرشنا اور بھیما یہاں کی اہم ندیاں ہیں ۔ یہ ضلع تاریخی اہمیت کے علاوہ سیاحوں ، زائرین ،محکمۂ آثارِ قدیمہ، ماہر ارضیات اور صنعت کاروں کے لئے کافی اہمیت رکھتا ہے۔افضل پور، الند، چنچولی ،شاہ آباد وغیرہ یہاں کے مشہور تعلقہ جات ہیں۔

کلبرگی شہر ضلع کا صدر مقام ہے۔ یہ بنگلورو سے 613 کلومیٹر دور واقع ہے۔اس کی آبادی دس لاکھ سے زائد ہے۔''تاریخ فرشتہ'' کے مطابق شہر کلبرگی سکندر اعظم کے ہندوستان آنے سے قبل ہی آباد تھا۔ کہا جاتا ہے کہ اس شہر کی بنا راجہ 'کلی چند' نے ڈالی۔چونکہ یہاں کی زمین پتھریلی تھی، اس لئے راجہ نے اس کا نام ''کلبرگی'' رکھا۔دوسری کہاوت یہ مشہور ہے کہ اس کا نام گلبرگہ ہے جو دو لفظوں ''گُل'' بمعنی پھول اور ''برگ'' بمعنی پتہ سے مل کر بنا ہے۔آج اس شہر کو کلبرگی کے نام سے پکارا جاتا ہے۔1347ء میں علاؤالدین بہمن شاہ نے دولت آباد کی بجائے کلبرگی کو اپنا یا پۂ تخت بنایا اور اس کا نام حُسن آباد رکھا۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کلبرگی کے قابلِ دید تاریخی مقامات:

قلعہ حشام:



یہ قلعہ ایک زمین دوز مضبوط چٹان پر بنایا گیا ہے۔ یہ بہمنی سلاطین کی بے مثال یادگار ہے۔ اس کو پہلے راجہ ''کلی چند'' نے تعمیر کیا تھا، بعد میں حسن گنگو بہمنی نے اس کی ازسرِ نو تعمیر کی۔ چونکہ اس قلعہ میں حفاظتی فوج رکھی جاتی تھی۔ اس لئے اس قلعہ کو حشام کہا جاتا تھا۔

عادل شاہی سلاطین نے کلبرگی پر قبضہ کرنے کے بعد اس قلعہ میں توپیں نصب کرنے کے لئے بُرجوں کی تعمیر کروائی۔

جامع مسجد:



یہ مسجد اسپین کی مسجد قُرطبہ کے نمونے پر بہمنی سلطنت کے دوسرے بادشاہ محمد شاہ بن علاؤالدین بہمنی کے عہد میں تعمیر کی گئی۔ اس مسجد

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں بیک وقت چھ ہزار آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔ مسجد کی چھت 111 گنبدوں سے بنی ہوئی ہے۔ اس مسجد کا معمار رفیع قزوین، ایران کا باشندہ تھا۔ یہ مسجد اپنی وضع قطع اور طرز تعمیر کے لحاظ سے ہندوستان بھر میں منفرد ہے۔


مقبرہ حسن گنگو بہمنی:



قلعہ حشام کے پیچھے تالاب کے کنارے ایک بلند چبوترے پر حسن گنگو بہمنی کا مزار ہے۔ جس پر ایک نہایت خوش نما گنبد بنا ہوا ہے۔ گنبد کی اندرونی چھت پر چینی کا کام کیا گیا ہے اور اعلیٰ درجہ کی گُل کاری کی گئی ہے، جو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔

درگاہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

یہاں حضرت سید محمد حسینیؒ کا مزار مبارک ہے۔ آپ گیسو دارز اور بندہ نواز کے نام سے مشہور ہیں۔ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ دہلی میں پیدا ہوئے تھے۔ فیروز شاہ بہمنی کے زمانے میں کلبرگی تشریف لائے۔ خود بادشاہ وقت نے آپ کا نہایت شاندار اور شاہانہ استقبال کیا ہر سال ذیقعدہ کی 15ویں تاریخ کو آپ کا عُرس، نہایت تزک و احتشام سے منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر دُور دراز مقامات سے زائرین لاکھوں کی تعداد میں شریک ہوتے ہیں۔ آپؒ نصیرالدینؒ چراغ دہلوی کے خاص


درگاہ حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ گلبرگہ شریف

@KT NOT TO BE REPUBLISHED

مُرید اور خلیفہ تھے۔ عربی، فارسی میں آپؒ نے تفسیر، حدیث اور فقہ کی کتابیں تصنیف کیں۔ درگاہ کے احاطہ میں ایک شاندار کُتب خانہ بھی ہے، جس میں اُردو، فارسی اور عربی کی بہت ساری کتابیں موجود ہیں۔ درگاہ سے متصل ایک مسجد اور ایک سرائے ہے۔ یہ اورنگ زیب کے بنائے ہوئے ہیں۔ آپ کا وصال 105 سال کی عمر میں 15 ذیقعدہ 825 ہجری کو ہوا۔ احمد شاہ والی بہمنی نے آپ کا روضۂ مبارک تعمیر کروایا جو بہمنی طرزِ تعمیر کا بہترین نمونہ ہے۔ ہر زائر جو کلبرگی آتا ہے وہ درگاہ کی زیارت کے لئے ضرور حاضر ہوتا ہے۔ یہاں ہمیشہ عقیدت مندوں کا مجمع لگا رہتا ہے۔



ماخوذ

شرن بسویشور کا مندر:

یہ لنگایتوں کی اہم زیارت گاہ ہے۔ بسویشور نے جو ہندوؤں کے بہت بڑے سَنت تھے، یہاں مساوات کی تعلیم دی تھی۔ یہاں ہر سال 15 دنوں کے لئے ایک میلہ لگتا ہے جس میں لاکھوں یاتری شریک ہوتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @SCERT

الفاظ و معانی:

سیّاح = سفر کرنے والا　　وضع = بناوٹ　　زائرین = زیارت کرنے والے

وصال = انتقال　　سَنت = سادھو　　یاتری = مسافر، زائر

متصل = لگا ہوا، جڑا ہوا۔

مرکب الفاظ و معانی:

طول و عرض = وسعت، لمبائی و چوڑائی　　ازسرِ نو = نئے طرز پر تعمیر کیا گیا

کتب خانہ = وہ جگہ جہاں کتابیں رکھی جاتی ہیں　　گُل کاری = بیل بوٹے کا کام

تزک و احتشام = شان و شوکت　　آثارِ قایمہ = قدیم زمانے کی نشانیاں

پایۂ تخت = صدر مقام

مشقیں

I. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔

1. لسانی تقسیم سے پہلے کلبرگی کس ریاست کا ضلع رہا؟
2. کلبرگی کا قدیم نام کیا ہے؟
3. حسن گنگو بہمنی کا مقبرہ کس نے تعمیر کیا ہے؟
4. قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے؟
5. ضلع کلبرگی کی اہم ندیاں کونسی ہیں؟
6. علاؤالدین بہمن نے کس عیسوی میں کلبرگی کو اپنی سلطنت کا پایہ تخت بنایا؟

II: درجِ ذیل سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1. ریاستِ میسور کی تشکیل کب اور کس بنیاد پر ہوئی؟
2. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی؟
3. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے؟

III: درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے۔

1. کلبرگی کی اہم عمارتوں پر نوٹ لکھئے۔
2. کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔
3. بسویشور کے مندر پر ایک نوٹ لکھئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: مناسب الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجئے۔

1. ''تاریخ فرشتہ'' کے مطابق شہرِ کلبرگی.....کے آنے سے قبل ہی آباد تھا۔
2. کلبرگی شہر کو.....نے آباد کیا۔
3. کلبرگی کی جامع مسجد.....نے تعمیر کرائی۔
4. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ.....کے زمانے میں کلبرگی تشریف لائے۔
5. حضرت بندہ نوازؒ کا عُرس ہر سال.....کو منایا جاتا ہے۔

V:(الف) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

سیّاح، زائرین، خوش نما، یادگار، متصل

(ب)ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

تعمیر، موجود، خوش نما

عملی کام:

اپنے کسی تعلیمی سفر کی روداد لکھ کر اپنی جماعت میں پڑھ کر سُنایئے۔

قواعد:

حروفِ ربط:

حروفِ ربط وہ الفاظ ہیں جو ایک لفظ کا تعلق کسی دوسرے لفظ سے ظاہر کرتے ہیں۔

جیسے: کا، کے، نے، کو وغیرہ

حروفِ ربط چار قسم کے ہوتے ہیں۔

(i) علامتِ اضافت (ii) علامتِ فاعل

(iii) علامتِ مفعول (iv) علامتِ ظرفی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(i) علامتِ اضافت:

علامتِ اضافت وہ کلمات ہیں جو دو اسماء یا ضمیر کے درمیان جوڑنے کا کام کرتے ہیں۔

جیسے (1) حسن گنگو کا مزار (2) اسپین کی مسجد (3) ہندوؤں کے سَنت

ان جملوں میں کا، کی، کے علامت اضافت ہیں۔ جملوں کی مختلف نوعیت کے اعتبار سے ان کا استعمال ہوتا ہے۔

(ii) علامتِ فاعل:

''نے'' علامتِ فاعل ہے اور یہ فعل متعدی کے ساتھ آتا ہے۔

جیسے: اربیہ نے کھانا کھایا۔

(iii) علامتِ مفعول:

''کو'' اور ''سے'' علامتِ مفعول ہیں یہ مفعول کے ساتھ آتے ہیں۔

جیسے: سائل کو اپنے در سے نہ لوٹاؤ۔

(iv) علامتِ ظرفی:

یہ اضافت کی وہ قسم ہے جس میں مضاف الیہ ظرف (کوئی جگہ یا برتن) اور مضاف مظروف (وہ چیز جو کسی جگہ پر یا کسی برتن میں ہو) ہوتے ہیں۔

جیسے: (1) کُتب خانہ کی کتاب (2) قلعہ کے بُرج

(3) ندی کا پانی

ان میں ''کتب خانہ'' ''قلعہ'' ''ندی'' ظرف ہیں جب کہ ''کتاب'' ''برج'' ''پانی'' مظروف ہیں۔ اور ''کی'' ''کے'' ''کا'' علامتِ ظرفی ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:5



غزل

کوئی اُمید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی

موت کا ایک دن معین ہے نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حالِ دل پر ہنسی اب کسی بات پر نہیں آتی

جانتا ہوں ثواب طاعت و زہد پر طبیعت ادھر نہیں آتی

ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

کیوں نہ چیخوں کہ یاد کرتے ہیں میری آواز گر نہیں آتی

ہم وہاں ہیں ، جہاں سے ہم کو بھی کچھ ہماری خبر نہیں آتی

مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی موت آتی ہے پر نہیں آتی

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ
شرم تم کو مگر نہیں آتی

مرزا غالبؔ

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

تخلیق کار:



مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ عبداللہ بیگ خاں کے فرزند تھے۔ غالبؔ کی ولادت 1797ء کو آگرہ میں ہوئی۔ 13 سال کی عمر میں دلی کے ایک نواب الٰہی بخش خاں معروف کی لڑکی سے شادی ہوئی اور دلی میں آمدورفت شروع ہوگئی۔ آخر کار یہیں سکونت اختیار کر لی۔ بچپن ہی سے شعروسخن کا چسکا تھا۔ فارسی کی اچھی تعلیم بھی پائی تھی۔ مزاج میں خودداری تھی۔ کہیں بھی ملازمت نہیں کی۔ آخر عمر میں بہادر شاہ ظفرؔ کے کلام کی اصلاح کرتے رہے۔ اُردو کے مقبول شاعر تھے۔ شاعری میں ایک خاص طرز کے موجد تھے۔ ان کے مزاج میں شوخی وظرافت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ فارسی اور اُردو نظم ونثر کی کتابیں شائع ہوچکی ہیں۔ دیوانِ غالبؔ ،کلیات نظم فارسی اور اُردوئے معلّٰی ،،عودِ ہندی وغیرہ ان کی اہم کتابیں ہیں۔ 15 فروری 1869ء دلی میں وفات پائی۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ ومعانی:

آرزو = تمناء، خواہش

معین = وقت مقررہ، مقرر

طاعت = فرمانبرداری

زہد = تقویٰ، پرہیزگاری

صورت = حالت، کیفیت

مشقیں

I: درج ذیل سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھئے۔

1. شاعر غالبؔ نے اُمید کے بارے میں کیا کہا ہے؟
2. غالبؔ کو پہلے کس بات پر ہنسی آتی تھی؟
3. شاعر غالبؔ کی طبیعت کس طرف نہیں آتی تھی؟
4. غالبؔ کس آرزو میں مرتے جانے کی بات کر رہے ہیں؟
5. غالبؔ کہاں جانے میں شرمندگی محسوس کرتے ہیں؟

II: درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

1. موت کا ایک دن معین ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی
2. ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی — کچھ ہماری خبر نہیں آتی

III: کالم ''الف'' اور ''ب'' کے درمیان مناسب جوڑ لگا کر شعر مکمل کیجئے۔

الف		ب
1 - کوئی اُمید بر نہیں آتی		(a) موت آتی ہے پر نہیں آتی
2- ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں		(b) کوئی صورت نظر نہیں آتی
3- مرتے ہیں آرزو میں مرنے کی		(c) ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

عملی کام:


مرزا غالبؔ کی کتابوں کا مطالعہ کیجئے۔

☆☆☆

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:6

دھوبی نے مگر مچھ کو کھالیا !



(ادب میں طنز و مزاح کا ایک خاص مقام ہے۔ مزاح نگار، طنز و مزاح کے پیرائے میں وہ سب کچھ کہہ جاتا ہے جس کا بیان سنجیدہ مضامین میں ممکن نہیں ہوسکتا۔ ذیل کے مضمون میں ''کرشن چندر'' نے بات سے بات پیدا کرتے ہوئے انسانی زندگی کی بے قدری اور عام طور پر دفتروں میں ہونے والی بے قاعدگیوں پر گہرا طنز کیا ہے۔)

مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ میں مچھلی مارکٹ کا سا شور وغل برپا تھا۔ میں نے پہلے کاؤنٹر ہی سے پوچھ تاچھ شروع کی۔

کلرک نے کہا ''میں تو صرف مچھلیوں کے انڈوں کی فائلیں دیکھتا ہوں، آپ آگے جایئے۔''

دوسرا کلرک بولا ''میرے پاس صرف مچھلیوں کے ذخیروں کی معلومات ہیں۔ خیر آپ نے کیا نام بتایا؟

''رامو''

''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

''مگر.....''

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

''بے کار بحث مت کرو۔ آگے بڑھو۔''

اگلے کاونٹر، پر ایک کلرک رجسٹر کھولے اونگھ رہا تھا ''سنو، ایک مگر مچھ نے دھوبی کو کھالیا ہے۔''

'' آں، کیا کہا؟ بڈھے نے کانوں پر ہاتھ رکھ کر پوچھا۔

''ایک دھوبی کو ایک مگر مچھ نے کھالیا ہے۔'' میں نے چلّا کر کہا۔

اس کے چہرے پر عجیب سی مسکراہٹ آ گئی۔ بولا

''ایک دھوبی نے مچھلی کو کھالیا ہے۔ تو کیا ہوا؟ بہت سے دھوبی مچھلی کھاتے ہیں۔ نہ کھائیں تو ہمارا محکمہ کیسے چلے؟''

''دھوبی نے نہیں، مگر مچھ نے دھوبی کو کھالیا۔''

''اچھا مگر مچھ نے مچھلی کو کھالیا۔ اس میں شکایت کی کیا بات ہے؟ نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں؟''

میں چلایا ''سنو مچھلی نہیں مگر مچھ''

''اچھا ایک مگر مچھ.....''

''ہاں ایک مگر مچھ، یاد رکھو ایک دھوبی ایک مگر مچھ۔ دھوبی گھاٹ پر کپڑے دھوتا تھا۔''

''کپڑے اچھے دھوتا تھا''؟

''اچھے دھوتا تھا یا برے دھوتا تھا۔ تمہیں اس سے کیا مطلب؟''

''تم پوری بات نہیں سنو گے؟''

''اچھا سناؤ ایک دھوبی ایک مگر مچھ، دھوبی کپڑے دھوتا تھا۔ پھر.....؟''

''اتنے میں ایک مگر مچھ آیا۔ اس نے دھوبی کی ٹانگ پکڑ لی۔''

''مرغے کی؟'' کلرک نے خوشی سے پوچھا۔

''مرغے کی نہیں، دھوبی کی۔''

''میں نے نہیں کھائی، کیسے ہوتی ہے؟''

''ارے دھوبی کی ٹانگ۔ بے چارہ دھوبی کپڑے دھو رہا تھا۔ ایک مگر مچھ آیا اور اسے پکڑ کر کھا گیا، سمجھے؟''

''ہاں ہاں، اب سمجھ گیا۔ دھوبی کپڑے دھوتا تھا اتنے میں ایک مگر مچھ آیا اور دھوبی کے کپڑے کھا لئے۔''

میرے غصے کا پارہ چڑھ چکا تھا۔ میں اگلی کھڑکی کی طرف بڑھا۔ وہاں ایک اینگلو انڈین کلرک تھا، جو

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بظاہر خوش مزاج معلوم ہوتا تھا۔ بولا ''فرمایئے، میں آپ کے لئے کیا کرسکتا ہوں؟''

میں آہستہ آہستہ واقعہ بیان کرنے لگا۔

''سنیے ایک مگر مچھ ہے۔''

اس کی آنکھیں چمک اٹھیں ''کدھر ہے؟''

''جمنا گھاٹ پر، پل کے نیچے۔''

''کتنا لمبا چوڑا ہوگا؟''

''کیا گھاٹ؟''

''نہیں مگر مچھ!''

''میں نے دیکھا تو نہیں۔ مگر لوگ کہتے ہیں کہ تیس فُٹ سے کم نہ ہوگا۔''

''تیس فٹ ! واہ کیا تم مجھے وہاں لے جاسکتے ہو؟''

''ہاں، لے جاسکتا ہوں''۔

''ہم رائفل لے چلیں گے''۔

''نہیں'' بات یہ ہے کہ مگر مچھ نے ایک دھوبی کو کھالیا، اس کے خاندان کو مدد درکار ہے۔ میں اس سلسلے میں....؟''

''اوہ ! ''اس کا دل بجھ گیا۔ بالکل دفتری انداز میں کہا ''میں دھوبی کے لئے کچھ نہیں کرسکتا۔ ہمارے محکمے سے دھوبیوں کا کوئی تعلق نہیں۔ اچھا، کیا تم مرنے والے کے رشتہ دار ہو؟''

نہیں، ''میں تو بس اس کا گدھا ہوں۔''

کرشن چندر

تخلیق کار:



کرشن چندر 19 نومبر 1913ء کو کشمیر میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم کشمیر اور لاہور میں ہوئی۔ پھر باری باری وکالت اور مدرّسی کا پیشہ اختیار کیا۔ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے بھی وابستہ رہے۔ وہ کامیاب افسانہ نگار اور ناول نویس تھے۔ انسانیت ان کا عقیدہ تھا۔ وہ سماج کے دَبے کچلے، بے زبان اور غریب عوام کے سچّے ہمدرد تھے۔ انہوں نے

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

زیادہ مظلوم انسانوں کے بارے میں کہانیاں لکھیں اور ظلم سے نفرت کرنا سکھایا۔ان داتا ،ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر وغیرہ ان کی تصانیف ہیں 1977ء میں ان کا انتقال ممبئی میں ہوا۔

انگریزی الفاظ کی اُردو اصطلاحات:۔

ڈپارٹمنٹ = محکمہ/شعبہ فائل = مسِل مارکٹ = بازار

رجسٹر = کھاتا/بہی کونٹر = کھڑکی اینگلوانڈین= انگریز نسل کا ہندوستانی

کلرک = منشی/اہل کار رائفل= بندوق

محاوروں کا مطلب:

پارہ چڑھنا = غصّہ ہونا

آنکھیں چمک اٹھنا = بہت خوش ہونا

دل بجھ جانا = مایوس ہونا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. (الف) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

پوچھ تاچھ، شکایت، تعلق

(ب) ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

بے کار، خوش مزاج، ظاہر

(ج) ان الفاظ کی واحد لکھئے۔

دفاتر، ذخائر، محکمے، واقعات

(د) ان الفاظ کی تذکیر و تانیث پہچانئے (مذکر و مونث):

مگرمچھ، ذخیرہ، مسکراہٹ، ٹانگ

II. ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1. دھوبی کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا تھا؟
2. راموکس غرض سے مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ گیا؟
3. مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ نے دھوبی کے خاندان والوں کی کیا مدد کی؟

III. ذیل کے سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے۔

1. پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے؟
2. راموکی کس بات کو سن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں؟

IV. ذیل کے سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھئے۔

1. ''تیسرا کلرک راموکی باتیں سمجھنے سے قاصر تھا۔'' اس حقیقت کو کسی دو مثالوں سے واضح کیجئے۔
2. راموکون تھا؟ اس نے ایسا کیوں کہا کہ وہ دھوبی کا گدھا ہے؟

V. متن کے حوالے سے تشریح کیجئے۔

1. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''
2. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''
3. ''کتنا لمبا چوڑا ہوگا؟''

عملی کام:

اس گفتگو کو ڈرامے کی شکل میں پیش کیجئے۔

قواعد:

حروفِ عطف :۔ وہ الفاظ جو دو لفظوں یا دو جملوں کے درمیان آتے ہیں اور دونوں کو باہم ملاتے ہیں ''حرف عطف'' کہلاتے ہیں:۔ مثلاً : اور، پھر ، یا، لیکن ، نہ ، بلکہ،

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حرفِ عطف کی سات قسمیں ہیں۔

1. وصل:۔ وصل کے حروف دو لفظوں یا جملوں کو ایک جگہ جمع کرنے کے لئے آتے ہیں۔
مثلاً :۔ چھوٹے اور بڑے سب وہاں تھے۔(اور)۔

2. تردید: تردید کے حروف دو لفظوں یا جملوں کو ملانے کے لئے آتے ہیں جن میں کوئی ایک مراد ہو۔
مثلاً : نہ نہ ایسا مت کہو (نہ)۔

3. استدراک: استدراک کے حروف دو جملوں کے بیچ میں آتے ہیں پہلے جملے میں جو شک وشبہ ہوتا ہے، استدراک اسے دور کر دیتا ہے۔
مثلاً: تم ہوشیار ہو لیکن قسمت خراب ہے (لیکن)۔

4. استثنا: استثنا کے حروف وہ ہیں جو کسی ایک جملے کو دوسرے سے الگ کرتے ہیں۔
مثلاً : سب آئے مگر وہ نہ آیا (مگر)۔

5. شرط: شرط کے حروف وہ ہیں جو کسی ایسے جملے کے ساتھ آئیں جس میں شرط پائی جائے۔
مثلاً: اگر تم نہ آئے تو ٹھیک نہیں ہوگا۔(اگر)۔

6. بیان: جب ایک جملے کا بیان دوسرے جملے میں ہوتا ہے تو یہ حروف ''بیان'' کہلاتے ہیں۔
مثلاً: میں نے کہا کہ یہاں آؤ۔(کہ)۔

7. عِلّت: حروفِ عِلّت وہ ہیں جو سبب ظاہر کرتے ہیں۔
مثلاً: آپ نے منع کر دیا تھا، لہٰذا میں نہیں آیا (لہٰذا)۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:7

B9F8T1

مسلم سائنس دان

(سائنس کا ذکر آتے ہی عام ذہن امریکہ اور یورپ کے غیر مسلم سائنس دانوں کی طرف جاتا ہے جب کہ موجودہ ایجادات اور ترقی کے پس منظر میں اُن مسلمان سائنس دانوں کا بڑا حصّہ ہے جنہوں نے اپنی کوششوں اور عرق ریزیوں سے ان ایجادات کے بنیادی نقوش بنائے تھے۔اس مضمون کے ذریعے اپنے شاندار ماضی کی یاد دلانا مقصود ہے تا کہ ہمارے اندر ایسے افراد پیدا ہوں جن پر آنے والی نسلیں ناز کر سکیں)۔

قدیم دور میں سائنس کی مشہور شاخیں تھیں، علم ریاضی، علم ہیئت و نجوم، علم کیمیاء، علمِ طب اور حیاتیات۔ اس لئے پورے اسلامی دَور میں جن سائنس دانوں نے کام کیا ان کی اکثریت علم ریاضی، علم کیمیاء گری اور فن طب سے متعلق تھی۔قدیم زمانے میں سائنس دان کی اصطلاح تو نہ تھی مگر اسے حکیم کے نام سے پکارتے تھے۔

شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا::

وطن بخارا، قصبہ خرشین ہے۔980ء میں پیدا ہوئے اور 58 سال کی عمر میں وفات پائی۔نہایت ذہین، جفاکش، اور اعلیٰ دماغ تھے۔'بوعلی سینا' کے نام سے مشہور ہوئے۔''سینا''ان کے آباواجداد میں سے تھے، جو ان کے نام کا جز بن گیا۔



بوعلی سینا نے ابتدائی تعلیم قدیم رواج کے مطابق حاصل کی۔ابوعبداللہ ناتلی استاد تھے۔ استاد پر شاگرد کی غیر معمولی ذہانت کے جوہر کُھلے تو ایک انوکھا طریقۂ تعلیم ایجاد یہ کیا کہ شاگرد بحیثیت استاد پڑھائے گا اور استاد طالبِ علم بن کر سنتے رہیں گے۔اس طریقہ نے مشکل سے مشکل مسئلہ حل کر دیا اور وہ اٹھارہ سال کی عمر میں علوم وفنون کی تعلیم سے فارغ ہو چکے تھے۔

شیخ کی حیثیت جامع تھی۔ ہر علم وفن پر اُن کی کتابیں نادر خیالات ونظریات کی حامل ہیں۔''القانون'' اور''کتاب الشفاء'' نے اُن کو سائنس دانوں کی صفِ اوّل میں جگہ دی۔انہوں نے علم طبعیات (physics)


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں حرکت، قوت، خلا، روشنی اور حرارت جیسے اہم مضامین پر گہرے تحقیقی کام کئے ہیں۔ شیخ سب سے پہلے سائنس دان ہیں جنہوں نے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا۔ ان کی یہ دریافت آج بھی مستند ہے۔

انہوں نے دواؤں سے ہٹ کر فنِ طِب میں نفسیات (Psychology) سے علاج کیا۔ اس طریقہ علاج کے وہ مُوجد اور ماہر تھے۔

بارہویں صدی کے بعد جب مسلمانوں کا علمی خزانہ یوروپ کے ہاتھ لگا تو آٹھ سو سال تک شیخ کی کتابیں یوروپ کے میڈیکل کالجوں میں پڑھائی جاتی رہیں۔ آج بھی سب تحقیقی کام اسی دائرے میں ہو رہے ہیں جن کو شیخ نے قائم کیا اور بنیاد وہی ہے جس پر شیخ نے القانون کی بنیاد رکھی۔

شیخ بوعلی سینا کو علمِ ریاضی سے دلچسپی تھی۔ وہ علمِ مساحت میں ایسے طریقے جانتے تھے، جن کی مدد سے چھوٹی سی چھوٹی چیز کو ناپا جا سکتا تھا۔ شیخ ایسے نازک ترین پیمانے کے مُوجد ہیں جسے ورنیر (vernier) کہتے ہیں۔



عمر خیّام:

عمر خیّام نے ایک شاعر کی حیثیت سے ایسی شہرت حاصل کی ہے کہ شعر و ادب کے پرستاروں میں عمر خیّام کا تذکرہ ایک سائنس دان اور ماہر ریاضی کی حیثیت سے کیا جائے تو اہلِ محفل حیرت سے ایک دوسرے کا منہ تکنے لگیں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ شعر و شاعری اُن کی وقت گذاری اور وقت کو دلچسپ بنانے کا ایک ذریعہ تھا۔

خیّام ماہر علمِ ریاضی تھے۔ ان کی کتاب ''الجبر والمقابلہ'' نے اہلِ یوروپ کے نزدیک خیّام کو ریاضی دانِ اعظم ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ خیام نے الجبرا میں کئی نئی دریافتیں کیں اور چھ ایسے اُصول بیان کئے کہ اس سے پہلے کسی نے دریافت نہیں کئے تھے۔ اَلجبرا میں ''مسئلہ دورقمی'' (Binomial Theorem) انہی انہی کا قابلِ قدر کارنامہ ہے۔ یہ انہی کا ایجاد کردہ اُصول ہے۔

علمِ طب (Medical Science) میں بھی عمر خیّام کو کافی مہارت حاصل تھی اور وہ علم ہیئت کے امام بھی تھے۔ ''اصفہان'' میں انہوں نے اعلیٰ پایے کی رصدگاہ (observatory) تعمیر کروائی تا کہ عجائبات فلک کا مطالعہ کیا جا سکے۔ عمر خیام ماہر فلکیات بھی تھے۔ انہوں نے شمسی سال کی کمال احتیاط سے پیمائش کے بعد پورے سال کی مقدار 365 دن 5 گھنٹے اور 49 منٹ بتائی جسے 12 مہینوں میں تقسیم کیا گیا۔ بقیہ 5 دنوں

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کوسال کے 12 مہینوں میں اس طرح سمو دیا کہ بعض مہینے 30 اور بعض 31 دنوں کے بن گئے۔ اب سال کُل 365 دن کا ہو گیا۔ پھر بھی سال میں 6 گھنٹے کی زیادتی آ جاتی تھی۔ انہوں نے کافی غور خوض اور سوچ بچار کے بعد ہر چوتھے سال کے ایک مہینے میں ایک دن زیادہ کر دیا۔ گویا ہر چوتھا سال 366 دنوں کا ہو گیا۔ اہل عرب ایسے سال کو ''کبیسہ'' اور اہل ایران ''سال دزدیدہ'' کہتے ہیں۔ ایسا سال شمسی تقویم میں (leap year) ''لیپ سال'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس طرح عمر خیّام نے اپنے کارناموں کے سبب صفِ اوّل کے سائنس دانوں میں جگہ بنائی اور آج بھی اُن کے کارنامے ہمارے سامنے بطور یادگار موجود ہیں۔

ابراہیم عمادی ندوی

تخلیق کار:

''مسلم سائنس دان'' نامی یہ اقتباس ''ابراہیم عمادی ندوی'' کی کتاب ''مسلم سائنس دان اور اُن کی خدمات'' سے ماخوذ ہے۔ صاحب موصوف نے ممبئی میں زندگی بھر تعلیمی و تدریسی خدمات انجام دی ہیں۔ 1932ء میں اخبار ''خلافت'' میں کام کیا۔ بچپن ہی سے آپ میں تحقیق و تفتیش کا مادّہ تھا۔ موصوف قدیم و جدید علوم کے جامع عالم و معلم ہیں۔ جدید درس گاہوں کے طلباء کی نفسیات سے اچھی طرح واقف ہیں۔

الفاظ و معانی:

انوکھا	=	نرالا	نظریہ	=	خیال، عندیہ
مستند	=	مانا ہوا، تسلیم کیا گیا	عظمت	=	بڑائی، بزرگی
عرق ریزی کرنا	=	محنت کرنا	نقوش	=	نقش کی جمع، چھاپ
علمِ نجوم	=	ستاروں کا علم	کیمیا گری	=	چاندی، سونا بنانے کا فن
مُوجد	=	ایجاد کرنے والا	جامع	=	ہمہ پہلو، مکمل
علمِ مساحت	=	زمین کی پیمائش کا علم			
اصطلاح	=	عام معنوں کے علاوہ کوئی خاص مفہوم مقرر کر لینا۔			

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. درجِ ذیل سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1. شیخ حسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
2. شیخ حسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے؟
3. کس سائنس دان نے سب سے پہلے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا؟
4. ماہر ریاضی دان کون تھا؟

II. درجِ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے۔

1. قدیم دور میں سائنس کی کونسی شاخیں تھیں؟ اور سائنس دان کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟
2. شعروشاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی؟
3. سال کبیسہ (leap year) سے کیا مراد ہے؟

III. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے۔

1. علمِ طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے؟
2. عمر خیّام کو علمِ ہیئت کا امام اور ریاضی دانِ اعظم کیوں کہا جاتا ہے؟

IV. مناسب وموزوں الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔

1. سائنس کا ذکر آتے ہی عام ذہن امریکہ اور.....کے غیر مسلم سائنس دانوں کی طرف جاتا ہے۔
2. بوعلی سینا نے ابتدائی تعلیم.....کے مطابق حاصل کی۔
3. اٹھارہ سال کی عمر میں.....کی تعلیم سے فارغ ہو چکا تھا۔
4. شیخ کو علمِ ریاضی سے پوری.....تھی۔
5. الجبراء میں.....ان ہی کا ایجاد کردہ اُصول ہے۔
6. اہل یورپ ایسے سال کو سال کبیسہ اور اہل ایران سال.....کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V. مناسب جوڑیاں بنائیں۔

''الف''	''ب''
1. علی سینا	ماہر ریاضی دان تھا۔
2. دواؤں سے ہٹ کر فنِ طب	رصدگاہ کی تعمیر کروائی۔
3. مسلمانوں کا علمی خزانہ	58 سال کی عمر میں وفات پائی۔
4. عمر خیام	میں نفسیات سے علاج کیا۔
5. عمر خیّام نے اعلیٰ پایہ کی	یوروپ کے ہاتھ لگا۔

IV. (الف) ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

قدیم، مشکل، اعلیٰ، زیادہ

(ب) ان الفاظ کی جمع لکھئے۔

ایجاد، فرد، فن، نظریہ، مضمون، ذریعہ

(ج) مذکر و مونث الگ الگ کر کے لکھئے۔

ترقی، وطن، رواج، روشنی، خزانہ، طریقہ

قواعد

حروفِ تخصیص:

ایسے الفاظ جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ آ کر کوئی خاص بات پیدا کریں، حروف تخصیص کہلاتے ہیں۔

حروف تخصیص چار ہیں۔

(1) ہر (2) ہی (3) بھی (4) تو

جیسے:۔ 1. شیخ ہر ایک فن میں ماہر تھے۔ 2. الجبرا مسلمانوں ہی کی ایجاد ہے۔

3. فن طب میں نفسیات سے بھی علاج کیا۔

4. شعر و شاعری تو ان کی وقت گذاری کا ذریعہ تھا۔

☆☆☆



@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


سبق:8

L2Z4L6

نانوٹکنالوجی

(Nano Technology)

اللہ تعالیٰ نے دنیا کو بے مقصد پیدا نہیں کیا۔ نظامِ کائنات کے ہر ذرّے میں انسان کے کام آنے والی چیزیں پوشیدہ ہیں۔ انسان کی ترقی و کامیابی کا راز یہی ہے کہ وہ قدرت کے رازوں کو جاننے کی کوشش کرتا آرہا ہے۔ اس کوشش میں جدید سائنس و ٹکنالوجی کا استعمال انسان کے لئے بے حد فائدہ مند ثابت ہو رہا ہے۔ جہاں ٹکنالوجی کا سہارا لے کر انسان ستاروں، سیّاروں اور سیّارچوں جیسے قوی ہیکل اجسام پر کمند ڈال چکا ہے، وہیں ٹکنالوجی کی مدد سے چھوٹی سے چھوٹی جسامت رکھنے والے ذرّات کی اہمیت کو پہچان لیا ہے۔ ایسے ہی مہین ذرّات میں ''نانو ذرّات'' بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

''نانو'' ایک یونانی لفظ ہے جو عدد "9" کے معنے میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ دراصل ایک پیمائش ہے۔ ایک ''نانو میٹر'' 10^{-9} میٹر کے برابر ہوتا ہے۔ جن ذرّات کی ضخامت 1 تا 100 نانو میٹر ہوتی ہے انہیں ''نانو ذرّات'' کہتے ہیں۔ یہ ذرّات اتنے چھوٹے ہوتے ہیں مانو کہ ایک انسانی بال کی موٹائی میں 80.000 نانو ذرّات سما جائیں۔

جب کبھی کسی ٹھوس شئے کے ذرّات اس قدر چھوٹے کردئے جائیں ، یا دوسرے الفاظ میں انہیں 'نانو' کی جسامت میں لے آئیں تو اس شئے کے طبعی خواص جیسے رنگ، کثافت، مقناطیسی کشش، سطحی رقبہ، حل پذیری، درجہ پگھلاؤ، مُوصلی صلاحیت، انجذابی صلاحیت، حاجزی صلاحیت وغیرہ میں غیر معمولی فرق آجاتا ہے ۔اشیاء کی ان ہی خصوصیات کی بنا پر 'نانو اشیاء' کی اہمیت زیادہ ہوجاتی ہے۔کوئی سستی شئے بھی اگر نانو حالت اختیار کرلے، تو وہ انمول بن جاتی ہے۔

'نانو ذرّات' کا تصوّر کافی پرانا ہے۔ مادّوں کے ذرّات کو چھوٹے کرنا، انہیں 'نانو ذرّات' کی جسامت میں منتقل کرکے ان کی طبعی خصوصیات میں تبدیلی لانا، کوئی نئی بات نہیں ہے۔قدیم زمانے میں بھی لوگ اس فن سے واقف تھے۔ چونکہ اس وقت نہایت چھوٹے ذرّات کا مشاہدہ کرنے کے لئے زیادہ استعداد رکھنے والی خوردبینوں کی ایجاد نہیں ہوئی تھی، اس لئے وہ لوگ نانو ذرّات کے متعلق پوری واقفیت نہیں رکھتے تھے۔ پھر بھی وہ اپنی سوجھ بوجھ اور تجربوں کے بل بوتے پر نانو اشیاء استعمال کیا کرتے تھے۔ یونانی ادویات میں استعمال ہونے والا سونے اور چاندی کا باریک سفوف بھی نانو ذرّات کی حالت میں ہوتا تھا۔ آج بھی ہمیں قدیم کلیساؤں، مندروں اور دیگر قدیم محلات کے شیشے جو رنگ وروغن سے رنگے ہوئے ملتے ہیں، جن کی آب و تاب آج بھی باقی ہے، یہ رنگ سونے کو نانو ذرّات میں تبدیل کرکے بنائے جاتے تھے۔ نانو حالت میں ہونے کی وجہ سے ان کا رنگ سُنہرا یا زرد ہونے کی بجائے سرخی مائل ہوتا تھا۔

1980ء کے دہے میں زیادہ طاقت رکھنے والی خوردبین کی ایجاد ہوئی تو 'نانو اشیاء' کی اہمیت وافادیت کا پتہ چلنے لگا۔ جب سے جدید ٹکنالوجی کا استعمال ''نانو ذرات'' پر کیا جارہا ہے تب سے نئی نئی ایجادات اور نئے نئے انکشافات ہوتے جارہے ہیں۔ آج انسانی زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جو 'نانو ٹکنالوجی' سے متاثر نہ ہوتا ہو۔

فنِ طب اور جرّاحی میں اس کا استعمال ناگزیر ہوگیا ہے۔ چونکہ 'نانو ذرّات' نہایت چھوٹے ہوتے ہیں ،اس لئے انہیں بآسانی انسانی اعضاء، نسیجوں، خلیوں اور عضویچوں (cell organells) میں بھی داخل کیا جاسکتا ہے۔ ان کی مدد سے (DNA) اور پروٹین کے ساتھ تعلق پیدا کیا جاسکتا ہے۔ ان میں واقع ہونے والی تبدیلیوں پر نظر رکھی جاسکتی ہے، اور اُن کمزوریوں اور بیماریوں کا پتہ لگایا جاسکتا ہے، جن سے یہ تبدیلیاں لاحق ہورہی ہیں۔ عام طور پر ''کینسر'' کا علاج اس لئے ممکن نہیں ہو پاتا، کیونکہ اس کی تشخیص آخری مرحلے میں ہی ہوسکتی ہے۔ لیکن نانو ٹکنالوجی کی مدد سے اب ہم ''کینسر'' کا پتہ ابتدائی مرحلے میں لگا سکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں

NOT TO BE REPUBLISHED

'نانو گولڈ'(Nano gold) کی مدد سے کافی تجربے کئے جارہے ہیں ۔اُمید ہے کہ اگلے چند سالوں میں ''کینسر'' پر قابو پالیا جائے گا۔

نانوٹکنالوجی' کی مدد سے جراحی میں استعمال ہونے والے آلہ جات بھی تیار کئے جاسکتے ہیں جو''نانو ٹیب''، ''نانو اسکیل'' اور ''نانو روبورٹ'' کے طور پر استعمال کئے جاسکتے ہیں ۔ان آلات کی پہنچ ان مہین تر اعضاء میں بھی ہوسکتی ہے جو موجودہ آلہ جات سے ممکن نہیں ۔ادویات سازی میں بھی 'نانوٹکنالوجی' کا اہم رول ہے ۔ادویات کا انسانی جسم پر کیا اثر ہوتا ہے، اس کا پتہ لگانا بعض وقت خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ 'نانوٹکنالوجی' کی مدد سے ہم نہایت کم مقدار میں متعین شدہ مقام پر ادویات کا اثر دیکھ سکتے ہیں ۔مثال کے طور پر ''کیموتھراپی'' (chemotherapy) کا استعمال سارے جسم کی بجائے مخصوص کینسر کے خلیوں پر کرسکتے ہیں۔

نانو ذرّات' نہایت باریک ذرّات ہونے کے سبب جب آپس میں جڑتے ہیں تو ان ذرّات کے درمیان اتنی بھی جگہ باقی نہیں رہتی کہ کسی طرح کا میل یا گرد وغبار ان کے درمیان ٹھہر جائے ۔نانو ذرّات کی اس خصوصیت کے تحت ہم کئی ایک خود صافی اشیاء تیار کرسکتے ہیں ۔اسی خصوصیت کے حامل ٹائیٹانیم ڈائی آکسائیڈ (Titanium di oxide) کے استعمال سے ایسے کپڑے تیار کئے جارہے ہیں جن پر داغ دھبے نہیں پڑتے ۔اسی طرح 'نانو اشیاء' سے بنائے گئے رنگوں پر بھی گرد جمع نہیں ہوتی ۔ان رنگوں کی آب وتاب عرصۂ دراز تک باقی رہتی ہے۔اس لئے اس طرح کے رنگ وروغن کا استعمال فلک بوس عمارتوں، بحری جہازوں ، وغیرہ پر کیا جاتا ہے، تاکہ بار بار رنگ ریزی کی ضرورت نہ پڑے ۔آج کل شاہ راہوں پر بھی سمتوں کی نشاندہی کے لئے 'نانو پینٹ' کا استعمال کیا جارہا ہے ۔اسی طرح کسی شئے پر 'نانو ذرّات' کی پرت چڑھادی جائے تو اس پر کسی طرح کی ہلکی سی خراش بھی نہیں آسکے گی۔

عام طور پر پانی کو جراثیم سے پاک کرنے کے لئے جراثیم کُش ادویات کا استعمال کرتے ہیں، جو انسانی جسم کے لئے بھی مضر ثابت ہوتے ہیں ۔'نانو اشیاء' کو جراثیم کش کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ان کے استعمال سے انسانوں پر منفی اثر نہیں پڑتا۔یہی وجہ ہے کہ ''نانو سلور'' (Nano silver) جیسے نانو اشیاء کو پانی صاف کرنے والے آلہ جات (water purifiers) میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مائکرو ایلکٹرانکس میں معلومات کو ذخیرہ کرنے کے لئے ہم مائکرو چپس (Micro chips) میموری

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کارڈس (Memory cards) ہارڈ ڈیکس (Heard discs) وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں۔ ان اشیاء کی بجائے اگر ہم 'نانو اشیاء' کا استعمال کریں تو اس میں معلومات ذخیرہ کرنے کی صلاحیت ہزاروں گنا بڑھ جائے گی۔ بہ الفاظ دیگر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایک عام قلم کی مدد سے اگر ہم پچاس صفحات لکھ سکتے ہیں تو وہیں 'نانو پین' کی مدد سے ہم لاکھوں صفحات لکھ سکتے ہیں البتہ 'نانو پین' کے استعمال کا طریقہ عام قلم کے طریقۂ استعمال سے مختلف ہوتا ہے۔

'نانو اشیاء' کی مدد سے ہم نہایت ہلکی پھلکی اور پتلی مگر مضبوط چیزیں تیار کر سکتے ہیں ''کلے نانو ذرّات'' (Clay Nano particles) کی مدد سے ہم نہایت مضبوط مگر ہلکے اور پتلے پالیمر (polymer) تیار کر سکتے ہیں جو ہوائی جہاز، خلائی جہاز اور مصنوعی سیارچوں کی تیاری میں استعمال ہوتے ہیں۔ اسی طرح ''کاربن نانو ٹیوبس'' (Carbon Nano tubes) کی مدد سے ''بلٹ پروف'' (bullet proof) کپڑے بنائے جاسکتے ہیں۔ جن کا وزن عام کپڑوں سے بھی ہلکا ہوتا ہے۔

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ انسان کے ذہن میں 'نانو' کا تصوّر کیسے پیدا ہوا؟ انسان کی بیشتر سائنسی ایجادات کے پیچھے قدرتی عناصر کارفرما ہیں۔ انسان اپنے ماحول سے بہت کچھ سیکھتا ہے۔ ظاہر ہے کہ 'نانو' کا تصوّر بھی انسان کو اپنے ماحول سے ملا ہوگا کیونکہ قدرت میں بھی ہم کئی نانو اشیاء دیکھتے ہیں۔ جیسے ''چپکلی'' جو صاف چھت پر بھی الٹی چل پھر سکتی ہے اس کے پیر پر 'نانو ذرّات' پائے جاتے ہیں۔ رنگ برنگی ''تتلیوں'' کے پروں پر جو خوبصورت رنگ ہوتے ہیں۔ اور جس رنگ کی آب و تاب کبھی ماند نہیں پڑتی۔ وہ تمام رنگ بھی ''نانو رنگ'' ہیں۔ ایسے ہی رنگ ہم مور اور دیگر پرندوں کے پروں پر دیکھتے ہیں یہ بھی نانو ذرّات کا کمال ہے۔ آپ نے گھاس اور بعض ایسے پتّوں کو دیکھا ہوگا جن پر گرد و غبار نہیں ٹکتی اور وہ خود صافی ہوتے ہیں۔ یہ کرشمہ بھی ''نانو ذرّات'' ہی کا ہے۔

'نانو ٹکنالوجی' کا ظہور چونکہ ابھی ابھی ہوا ہے اس کی ترقی کیا موڑ اختیار کرتی ہے؟ وہ انسانی زندگی کو کن کن کامیابیوں سے ہمکنار کر سکتی ہے؟ یہ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ آج تک جو بھی سائنسی ایجادات ہوئی ہیں، اگر انسان نے ان کا استعمال اعتدال کے ساتھ کیا ہے تو وہ اس کے لئے رحمت ثابت ہوئی ہیں اور جب بھی انسان نے ان کا استعمال بے اعتدالی سے کیا ہے تو وہ اس کے لئے زحمت کا باعث بنی ہیں۔ اس لئے انسان کو چاہئے کہ نانو ٹکنالوجی کا استعمال بھی دور اندیشی سے کرے۔

ادارہ

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

اُردو الفاظ کی انگریزی اصطلاحات:

ستارے	=	Satrs	سیارے	=	Plamets
سیارچے	=	Satellites	یونان	=	Greek
پیمائش	=	measurement	ذرّات	=	Particals
ٹھوس	=	Solid	کثافت	=	Density, Impurity
حل پذیری	=	Solubility	طبعی خواص	=	Physical properties
سطحی رقبہ	=	Surface area	مقناطیسی کشش	=	Magnetic attraction
مُوصلی صلاحیت	=	Conductivity	درجۂ پگھلاؤ	=	Melting point
مشاہدہ	=	Observation	انجذابی صلاحیت	=	Absorptive capacity
استعداد	=	Capacity	حاجزی صلاحیت	=	Cataystic property
اعضاء	=	Organs	خوردبین	=	Microscope
سفوف	=	Powder	رنگ وروغن	=	Paint
جراحی	=	Surgery	فنِ طب	=	Medicine
نسیج	=	Tissue	ادویات	=	Drugs, Medicines
خلیہ	=	Cell	خودصافی	=	Self cleaning
شاہ راہ	=	High way	خراش	=	Scratch
ہوائی جہاز	=	Aeroplane	جراثیم کش	=	Germicides
خلائی جہاز	=	Space craft	مصنوعی سیارچے	=	Artificial satellites

الفاظ ومعانی:

قوی ہیکل = بہت بڑا کمند ڈالنا = پھندا ڈالنا مہین = باریک

بِنا = بنیاد تصوّر = خیال آب وتاب = چمک دمک

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

انکشاف = رازکھولنا،ظاہرکرنا، متاثر = اثرقبول کرنا ، ناگزیر = ضروری
آلہ جات = اوزار ادویات سازی = دوائیاں بنانا ، سمت = رخ
متعین شدہ = مقرر کیا ہوا ، شاہ راہ = بڑی سڑک۔فلک بوس عمارت = اونچی عمارت

مشقیں

I. (الف) ان الفاظ کی تذکیر و تانیث پہچانئے (مذکر و مونث)۔

سفوف، خصوصیت، کشش، غبار، روغن، پیمائش

(ب) ان الفاظ کے واحد جمع لکھئے۔

جسم، اعداد، خصوصیات، مقاصد، شئے

II. ''الف'' اور ''ب'' میں مناسب جوڑ لگائیے۔

''الف''	''ب''
1. نانو گولڈ	a. بے داغ کپڑوں کی تیاری
2. ٹائیٹانیم ڈائی آکسائیڈ	b. بلّیٹ پروف کپڑوں کی تیاری
3. نانوسلور	c. کینسر پر قابو پانے کے لئے
4. کلے نانو ذرّات	d. ہوائی اور خلائی جہازوں کی تیاری
5. کاربن نانو ٹیوبس	e. پانی صاف کرنے کے آلہ جات کے لئے

III. ان سوالات کے جواب ایک جملے میں لکھئے۔

1. ''نانو'' سے کیا مراد ہے؟
2. ''نانو ذرّات'' کی ضخامت کتنی ہوتی ہے؟
3. ''نانو ٹکنالوجی'' کسے کہتے ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

4. قدیم زمانے کے لوگوں کو ''نانو ذرّات'' کے متعلق زیادہ واقفیت نہیں تھی۔ کیوں؟
5. مائکرو ایلکٹرانکس میں ''نانو اشیاء'' کی کیا اہمیت ہے؟

IV. ان سوالات کے جواب دو یا تین جملوں میں دیجئے۔

1. کوئی سستی شئے انمول شئے کب اور کیسے بنتی ہے؟
2. جب کوئی ٹھوس شئے نانو کی حالت میں آجائے تو اس کے طبعی خواص میں کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں؟
3. قدیم زمانے میں ''نانو اشیا'' کا استعمال کہاں ہوتا تھا؟
4. ''نانو اشیاء'' کی مدد سے کس قسم کے کپڑے بنانا ممکن ہے؟ اور کیوں؟
5. ''نانوٹکنالوجی'' کی مدد سے ''کینسر'' پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے؟
6. ادویات سازی میں ''نانوٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے؟

V. ان سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھئے۔

1. فن طب اور جراحی میں ''نانو ذرّات'' کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟
2. ''نانو پینٹ'' کی کیا اہمیت ہے؟ اس کا استعمال کہاں کہاں کیا جاتا ہے؟ اور کیوں؟
3. انٹرنیٹ کی مدد سے ''نانوٹکنالوجی'' کی جدید تحقیقات پر معلومات اکٹھا کیجئے۔

اضافی معلومات: مضمون نویسی اور اس کے اُصول:

کسی موضوع کو ذہن میں رکھ کر اس کے متعلق اپنے خیالات کو آسان، خوبصورت اور موزوں الفاظ میں اس طرح تسلسل کے ساتھ تحریر کرنا کہ پڑھنے والا اس کو بہ آسانی سمجھ جائے، ''مضمون نویسی'' کہلاتا ہے۔ مضمون نویسی ایک فن ہے۔ اچھا مضمون نگار بننے کے لئے ذخیرہ الفاظ و معلومات کے ساتھ وسیع مطالعہ کی ضرورت ہے۔

مضمون نویسی میں مہارت حاصل کرنے کے لئے چند خاص باتوں کو ذہن میں رکھنا چاہئے۔

1. مضمون لکھنے سے پہلے اس موضوع کے تمام اہم پہلوؤں کا ایک خاکہ ذہن میں بنالیا جائے جس پر مضمون لکھنا ہو۔ یعنی مضمون کی تمہید کیا ہو۔ کون کونسی باتیں کس ترتیب سے لکھی جائیں وغیرہ۔
2. اپنے خیالات کو ادا کرنے کے لئے آسان، پُراثر اور صحیح زبان کا استعمال کرنا چاہئے۔

© KTES NOT TO BE REPUBLISHED

3. تحریر میں اُلجھاؤ، الفاظ کی تکرار اور غیر ضروری باتوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔
4. موضوع تحریر میں تسلسل اور ربط، مضمون کی جان ہے۔
5. جس موضوع پر مضمون لکھنا ہو اُس کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات ہونی ضروری ہیں۔ ایسی ایسی باتوں سے پرہیز کرنا چاہئے جس سے حکومتِ وقت، کسی جماعت، مذہب یا فرد کی تضحیک ہوتی ہو۔
6. مضمون کو کئی پیرا گرفوں میں تقسیم کر کے لکھنا چاہئے۔
7. مضمون لکھنے کے بعد اسے ایک بار ضرور پڑھ لینا چاہئے۔

مضمون کے تین حصّے ہوتے ہیں۔ ہر حصّے کو نئے پیرا گراف سے شروع کرنا چاہئے۔

1. تمہید 2. نفسِ مضمون 3. اختتام

1. تمہید:۔

مضمون کا پہلا اور اہم حصّہ ہے۔ اس میں اصل موضوع یا نفسِ مضمون سے متعلق کچھ لکھنے سے پہلے چند پُراثر اور زوردار جملے اس طرح کے لکھے جاتے ہیں جس سے پڑھنے والوں کا ذہن اصل موضوع کی طرف راغب ہو اور دلچسپی بھی بڑھے۔

2. نفسِ مضمون:

مضمون کا درمیانی حصّہ ''نفسِ مضمون'' کہلاتا ہے جس میں موضوع کے متعلق تفصیل سے ذکر کیا جاتا ہے، چونکہ یہ حصّہ طویل ہوتا ہے، اس لئے اس کو کئی پیرا گرافوں میں تقسیم کرنا چاہئے۔

3. اختتام:

مضمون کا آخری حصّہ ''اختتام'' کہلاتا ہے۔ اس میں مضمون نگار اپنے خیالات کا حاصل پُراثر انداز میں پیش کرتا ہے تاکہ پڑھنے والا متاثر ہو اور آسانی کے ساتھ مضمون کے موضوع پر اپنی رائے قائم کر سکے یا اس سے کچھ نتیجہ اخذ کر سکے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:9

بھارت رتن

(سرایم وشویشوریّا)



سرایم وشویشوریا کو عام طور پر ''معمار میسور'' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ کے والدہ کا نام سرینواسا شاستری تھا۔ ضلع چکبالاپور، مُدینابلّی نامی گاؤں ان کا پیدائشی مقام ہے۔ آپ کا سن پیدائش 15 ستمبر 1861ء ہے۔

ابتدائی تعلیم وتربیت وطن ہی میں ہوئی۔ پھر چکبالاپور کے سرکاری ہائی اسکول میں داخل ہوگئے۔ لڑکپن ہی سے آپ کو معماری کا شوق تھا۔ چنانچہ طالبِ العلمی کے زمانے میں اپنے مکان کے صحن میں چھوٹے چھوٹے بند اور تالاب بنانا، پھر اسکے آس پاس چھوٹے چھوٹے خوبصورت پودے لگانا اور کاغذ کی ناؤ بنا کر ان تالابوں میں چلانا ان کے ہر روز کا مشغلہ تھا۔

ہائی اسکول کی تعلیم سے فارغ ہوکر اعلیٰ تعلیم کے لئے بنگلور کے سنٹرل کالج میں داخل ہوگئے۔ پھر مدراس یونیورسٹی سے 1881ء میں بی۔اے کی سند حاصل کی۔ ان دنوں سری رنگا چاریا جیسے قدر دانِ علم ریاست میسور و کے عہدۂ دیوانی پر معمور تھے۔ جب ان کی دُوررس نگاہیں اس ہونہار پر پڑیں تو آپ کو سرکاری وظیفہ دے کر پونا انجینئرنگ کالج کو بھیجا۔ یہاں آپ نے سیول انجینئرنگ کا امتحان امتیازی حیثیت سے پاس کیا۔

NOT TO BE REPUBLISHED

1884ء میں آپ بمبئی کے محکمہ تعمیرات میں اسسٹنٹ انجینئر کی حیثیت سے کام کرنے لگے اور کامل سات سال کے عرصہ تک نہایت کامیابی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اس اہم ذمّہ داری کو ادا کرتے رہے۔ان دنوں شملہ میں ایک بین المملکی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سارے ہندوستان کے مشہور و معروف اہل فن و زخمہ شریک ہوئے ۔حکومت بمبئی نے سرایم وشویشوریا کو مذکورہ کانفرنس میں شرکت کے لئے اپنا نمائندہ بنا کر بھیجا۔

اس کانفرنس میں شریک ہو کر آپ نے ایک ایسے دروازے (گیٹ) کا نمونہ پیش کیا جو خود بخود کھلتا اور بند ہوتا ہو۔کافی غور وخوض کے بعد کانفرس نے اس اسکیم سے اتفاق کرلیا۔یہی دروازے ہیں جو کم وبیش دنیا کے تمام بڑے بڑے تالابوں اور بندوں میں استعمال کئے جارہے ہیں۔

جب ملک بھر میں آپ کی ذہانت واستعداد کا چرچا ہو گیا تو والیٔ میسور سری کرشنا راج وڈیر بہادر نے آپ کو ریاست میسور کی دیوانی کا عہدہ پیش کیا۔چنانچہ آپ 1912ء میں ریاستِ میسور کے دیوان مقرر ہو گئے ۔شروع ہی سے ریاست کی ترقی واصلاح کی تمنائیں اور منصوبے آپ کے دل میں موجود تھے۔جب موقع ہاتھ آیا تو آپ نے بڑی سرعت اور مستعدی کے ساتھ اس پر عمل کیا۔سب سے پہلے عوام پر یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی کہ ان کی خوشحالی اور ترقی کا راز تعلیم وتربیت اور صنعت وحرفت میں مضمر ہے۔ساتھ ہی ساتھ یہ بھی جتلا دیا کہ اس وقت ملک کو ان چیزوں کی کس حد تک ضرورت ہے۔

اس وقت ہونہاروں کی اعلیٰ تعلیم کے لئے ریاستِ میسور میں کوئی ذریعہ موجود نہ تھا۔آپ کی اَنتھک کوششوں سے 1917ء میں میسور یورینورسٹی قائم ہوگئی ۔اس سے آپ کی شہرت میں چار چاند لگ گئے ۔پھر جب ملک کی زراعتی پیداوار میں اضافے کا خیال پیدا ہوا تو آپ نے کرشنا راج ساگر کی تعمیر کا کام شروع کر دیا ۔تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ اس بند کا سنگِ بنیاد حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ نے رکھا تھا،مگر کسی نہ کسی سبب سے اس کی تکمیل نہ ہوسکی تھی۔

کرشنا راج ساگر کے تیار ہونے سے ریاست کی ڈیڑھ لاکھ ایکڑ سے زیادہ زمین سیراب ہونے لگی ،

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جس سے چاول کی پیداوار میں اضافہ ہونے کے علاوہ گنّے کی کاشت کو ترقی دے کر ریاست میں شکر کا کارخانہ قائم کرنے کی سہولتیں بھی فراہم ہوگئیں۔

میسور کے جنگلات صندل کے درختوں سے بھرے پڑے تھے، مگر ان سے کما حقہ فائدہ نہیں اٹھایا جارہا تھا۔ چنانچہ شہر میسور میں صندل کی لکڑی سے تیل نکالنے کا ایک کارخانہ قائم کیا گیا۔ غیر ممالک کو صندل کے تیل کی برآمد سے ہمارے ملک کو کافی آمدنی ہونے لگی۔ علاوہ ریشم کی پیداوار کو ترقی دینے اور عوام میں اس صنعت سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے شہر میسور میں ایک ریشم کا کارخانہ انہیں کی سرپرستی میں قائم ہوا۔ اس کارخانہ کے تیار کردہ ریشمی کپڑے براعظم ایشیاء کے دور دراز ملکوں میں معقول نرخ پر فروخت ہونے لگے۔ ریاست کی خام پیداوار کی ترقی، صنعتوں کی تشہیر اور عوام میں ان سے دلچسپی پیدا کرنے کی غرض سے 1912ء میں دسہرہ اگزیبشن کے نام سے ایک نمائش گاہ قائم کی گئی۔

لوہے کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے 1918ء میں ٹاٹا کمپنی کی زیر نگرانی بھدراوتی میں لوہے کا ایک عالی شان کارخانہ کھولا گیا۔ جب سر ایم وشویشور یا دیوانی کے عہدے سے سبکدوش ہوئے تو مذکورہ لوہے اور فولاد کے کارخانہ میں چیرمین (صدر) کی حیثیت سے کام کرنے لگے۔ چنانچہ صرف چھ ہی سال کے قلیل عرصہ میں کاروبار میں اس قدر ترقی و توسیع ہوئی کہ یہ کارخانہ ایک حد تک صوبے کے لوہے اور فولاد کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے قابل بن گیا۔

غرض آپ نے ریاست کی ترقی و بہبودی کے وہ کام سرانجام دیئے ہیں جو ہمیشہ قدر کی نگاہوں سے دیکھے جائیں گے۔

ایم قادر علی خاں

تخلیق کار:

ایم قادر علی خاں 1911ء میں مقام ہنولّی ضلع ٹمکور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم و تربیت وہیں ہوئی 1931ء میں درس و تدریس کا پیشہ اختیار کیا، اس دوران حکومت کی جانب سے گورنمنٹ ٹریننگ کالج میں تین سال تعلیم حاصل کی۔ پھر چار سالہ اُردو فارسی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ حیدرآباد سے اُردو فاضل کا امتحان پاس کیا۔ ٹپٹور کی گورنمنٹ ہائی اسکول میں اُردو فارسی کے مدرس کی حیثیت سے کام کیا۔ ان کی تالیف کردہ اکثر کتابیں جن میں ان کے مضامین شامل ہیں ریاستِ میسور کی مختلف جماعتوں کے نصاب میں شامل کئے گئے تھے۔

© CTES NOT TO BE REPUBLISHED

الفاظ ومعانی:

بین المملکی = مختلف ممالک کے درمیان　　ذہانت = عقلمندی، چالاکی

استعداد = قابلیت　　سرعت = جلدی۔تیزی

کماحقہ = بخوبی، ٹھیک ٹھیک　　تشہیر = مشہور کرنا

بہبودی = بھلائی　　مضمر = پوشیدہ، مخفی، دل میں رکھا گیا

معمار = عمارت بنانے والا، کسی چیز کا بنانے والا۔　زخمہ = مضراب، باجے

مشقیں

I. (الف) ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

صنعت وحرفت،　بہبودی،　کانفرنس

(ب) ان الفاظ کی ضد لکھئے۔

عام،　ابتداء　،　اعلیٰ

(ج) اِن الفاظ کی جمع لکھئے۔

طور،　تعمیر،　ملک،　وقت

II. صرف ایک جملہ میں جواب لکھئے۔

1. معمار میسور کے نام سے کون مشہور ہے؟
2. کرشنا راج ساگر بندھ کا سنگ بنیاد کس نے رکھا؟

III. دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے۔

1. سرایم وشویشور یا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا؟
2. ریاستِ میسور میں سرایم وشویشور یا نے کونسے کونسے کارخانے قائم کئے؟

عملی کام:۔ استاد کی مدد سے شہر میسور کا تعلیمی سفر کیجئے اور وہاں کے کارخانوں کو بغور دیکھئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:10



غزل

غزل کے لُغوی معنی عورتوں سے بات چیت کرنے کے ہیں۔اصطلاح شاعری میں غزل اس کلام کو کہتے ہیں جس کا ہر شعر اپنے مفہوم کے اعتبار سے منفرد ہو۔غزل صرف حُسن وعشق کے موضوعات تک محدود نہیں ہوتی،اس میں مختلف مضامین پیش کئے جاتے ہیں۔غزل کا پہلا شعر ''مطلع'' کہلاتا ہے،جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔غزل کا آخری شعر ''مقطع'' کہلاتا ہے جس میں شاعر عموماً اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔غزل کے سب اچھے شعر کو ''بیت الغزل'' کہتے ہیں۔

جنوں نے تماشا بنایا ہمیں — رہا دیکھ اپنا پرایا ہمیں
سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے — کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں
شب آنکھوں سے دریا سا بہتا رہا — انہی نے کنارے لگایا ہمیں
جَلیں پیش وپس جیسے شمع و پتنگ — جَلا وہ بھی جس نے جَلایا ہمیں
اَزل میں ملا کیا نہ عالَم کے تئیں — قضا نے یہی دِل دِلایا ہمیں

رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ
ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

میر تقی میرؔ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



تخلیق کار:

نام میر تقی، تخلص میرؔ 1724ء میں آگرہ کے ایک علم دوست صوفی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ والد کے انتقال کے بعد دہلی چلے آئے اور سراج الدین علی خاں آرزو کی صحبت سے مستفید ہوئے۔

میرؔ کو ''استادِ سخن'' کہا گیا ہے اور تقریباً تمام شعراء نے میرؔ کی استادی کا اعتراف کیا ہے۔ غزل گوئی میں میرؔ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ کلام میں سادگی اور درد واثر ہے۔ 1810ء میں وفات پائی۔

الفاظ ومعانی:

جنون	=	دیوانگی	پیش وپس	=	آگے وپیچھے
طور	=	طریقہ، انداز	ازل	=	آغاز، وہ زمانہ جس کی کوئی ابتداء نہ ہو
قضا	=	قسمت	الم ناک	=	غم زَدہ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I : درج ذیل سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھئے۔

1. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں
2. رات میں شاعر کی آنکھوں سے آنسو کس طرح بہتے رہے؟
3. شاعر کو جلانے والے کا حال کیا ہوا؟
4. شاعر میر تقی میرؔ کو جنوں نے کیا بنا دیا تھا؟
5. میر تقی میرؔ کو کیا کہا گیا ہے؟

II : درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

1. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

2 ازل میں ملا کیا نہ عالَم کے تئیں قضا نے یہی دل دِلا یا ہمیں

3. رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ تراطور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

III : اس غزل کو زبانی یاد کیجئے۔

IV : (الف) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھئے اور انہیں اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

جنون، پیش وپس ، ازل، قضا، عالم

(ب) ان کے معنوی فرق واضح کیجئے۔

صدا،سدا - ازل ، اضل - عالَم ، عالِم

عَلَم، اَلم - طَور ،طُور - جَلا، جِلا

(ج) اس غزل میں مطلع اور مقطع کی نشاندہی کیجئے۔

(د) ان مصرعوں کو مکمل کیجئے۔

1. جنون نے تماشا.....

2. سدا ہم تو کھوئے.....

3. جَلا وہ بھی جس.....

4. قضا نے یہی دل.....

5. تراطَور کچھ .....

(ھ) درج ذیل الفاظ سے مذکر و مونث الگ کر کے لکھئے۔

دریا، دِل ، شمع، عالَم، طُور، کنارہ، شب

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED